جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کا دورۂ بلوچستان: حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کوئٹہ کے دوروزہ پر ۲۳۔۲۴ر نومبر کو تشریف لے گئے۔ آپ نے وہاں پر مختلف مدارس اور مراکز کا دورہ کیا اور خصوصاً سریاب روڈ پر مدرسہ امیر معاویہ میں جمیعت علماء اسلام کے تربیتی کنونشن سے خطاب بھی کیا۔ کنونشن سے سید محمد یوسف شاہ' مولانا محمد رحیم جوگیزئی' حاجی محمد شاہ مردانزئی' مولانا عبدالحلیم' نجم الدین درویش' عبدالقیوم میرزئی' مفتی عبدالباقی' مولانا رشید احمد شیروزی' مولانا نصیر احمد مشہوانی' مولانا فتح محمد چمنی' حافظ عبدالرشید بادینی' مولانا نظام محمد و دیگر نے خطاب کیا۔ اسکے علاوہ آپ نے وزارت مذہبی امور زکوۃ وعشر کمیٹی کی صدارت بھی کی۔ اجلاس میں نظام عشر وزکوۃ کا مکمل جائزہ لیا گیا اور کوئی اہم تجاویز بھی اجلاس میں سامنے آئیں۔ اس اجلاس میں وفاقی وزیر عشر وزکوۃ جناب حضرت مولانا نورالحق قادری نے بھی خصوصی شرکت کی' آپ نے متاثرین زلزلہ کیلئے بھی حکومت سے خصوصی امداد کی اپیل کی اور کئی متاثرین سے آپ ملے بھی۔

نائب مہتمم حضرت مولانا انوارالحق صاحب کی نائب صدر وفاق المدارس العربیہ کی حیثیت سے تقرری:
گزشتہ دنوں وفاق المدارس کے مرکزی دفتر ملتان میں مجلس عاملہ کا خصوصی اجلاس ہوا جس میں اہم تعلیمی' تنظیمی مسائل پر بحث وتمحیص کی گئی اور کئی اہم فیصلے کیئے گئے۔ اجلاس کے آخر میں صدر وفاق المدارس شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان مدظلہ نے نائب مہتمم حضرت مولانا انوارالحق صاحب مدظلہ کو وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے نائب صدر کی حیثیت سے انکی تقرری کا حکم فرمایا۔ دارالعلوم حقانیہ کے لئے حضرت مولانا کا انتخاب مزید ترقی اور مسرت کا باعث ہے

مغربی دانشوروں کی دارالعلوم آمد: ۲۷ر اکتوبر ۲۰۰۸ء بروز پیر کو روزنامہ ''دی ٹائمز'' لندن کے نمائندہ انتھونی لوئیڈ دارالعلوم تشریف لائے اور دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور حضرت مہتمم صاحب کی غیر موجودگی میں جمیعت کے رہنما مولانا محمد یوسف شاہ صاحب سے تفصیلی ملاقات کی۔ انکے علاوہ اٹلی کے ریڈیو ٹیلی ویژن نے۔ کے بیورو چیف Ajostino Mauriello بھی دارالعلوم تشریف لائے۔ اسی طرح نومسلم کینیڈین سکالر محترمہ خدیجہ عبدالقہار بھی یہاں دارالعلوم تشریف لائیں۔ آپ نے مغرب میں وہاں کے متعصب' اسلام دشمن' مغربی میڈیا کے اعتراضات کے جوابات دینے کے لئے ایک مستقل ادارہ قائم کیا ہے۔ جو شب وروز اسلام کی حقانیت کو پھیلانے اور اس کے دفاع میں مصروف ہے۔ انہوں نے مولانا عرفان الحق صاحب سے تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔ ان کے علاوہ روزنامہ اوصاف کے سب ایڈیٹر' ماہنامہ اباسین اور ماہنامہ سروش کے مدیر جناب منظور بلوچ بھی دارالعلوم